AlHayat, 05-07-2022

# اردو یونیورسٹی میں "اوپن مائک" کا انعقاد



**الحیات نیوز سروس**

حیدرآباد،4جولائی: مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، ڈرامہ کلب کے زیر اہتمام "اگنائٹڈ مائنڈس" (روشن دماغ) سلسلے کے تحت ماہ لقا بائی چندا ایمفی تھیٹر میں اوپن مائک پروگرام کا گذشتہ شام انعقاد عمل میں آیا۔ اس پروگرام میں طلبہ نے مزاحیہ خاکے، ڈرامے، قصہ گوئی، لوک گیت وغیرہ پیش کیے۔

جناب معراج احمد، کلچرل کوآرڈینیٹر نے کہا کہ اوپن مائک پروگرام طلبہ کو اپنی چھپی ہوئی صلاحیتیں اجاگر کرنے کا بہترین موقع فراہم کرتا ہے۔ اس کا مقصد یونیورسٹی میں موجود "ہیروں" کو تلاش کرنا ہے۔ اس کے تحت انہیں ہندوستان کی متنوع ثقافتوں کو پیش کرنے کا موقع فراہم کیا جاتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ہر ماہ کے پہلے سنیچر کو ایمفی تھیٹر میں یہ پروگرام منعقد کیا جاتا ہے۔

پروگرام کی ابتداء میں فاطمہ سجدہ خانم نے نظم "اے راؤنڈ ٹو ہیون" (جنت کی سیر) سنائی، اشرف نے مزاحیہ خاکہ، متین اشرف نے "لامکاں" کے زیر عنوان کہانی، طلحہ منان "اسیروں کے نام" نظم، مظہر اور مصباح نے "فلاپ شو" کامیڈی ایکٹ پیش کیا۔ عبدالقادر نے مونو ایکٹنگ کے ذریعے طلبہ میں خودکشی کے رجحانات پر روشنی ڈالی۔ ابرار اور کمیل خان نے کامیڈی آئٹم پیش کرتے ہوئے ماحول کو قہقہہ بردوش کردیا۔ سہراب عالم نے بہاری چرواہے کا لوک گیت پیش کیا۔ آخر میں ڈرامہ کلب کے فنکاروں نے موبائل کے حد سے زیادہ استعمال پر ایک خاکہ اسٹیج کیا۔

AlHayat, 05-07-2022

# ملک کے 20 مراکز پر مانو

# انٹرنس ٹسٹ کا آج سے آغاز

حیدرآباد، 4 جولائی: مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے ریگولر کورسس میں داخلوں کے انٹرنس ٹسٹ 5 تا 7 جولائی منعقد ہوں گے۔ ڈاکٹر زائر حسین، کنٹرولر امتحانات کی اطلاع کے بموجب شیڈیول کے تحت انٹرنس ٹسٹ ملک کے مختلف حصوں میں 20 مراکز پر منعقد کیے جائیں گے۔ تمام پی ایچ ڈی پروگرامس، ایم بی اے، ایم سی اے، ایم ٹیک (کمپیوٹر سائنس)، ایم ایڈ، بی ایڈ، ڈی ایل ایڈ، پالی ٹیکنک کے لیے انٹرنس ٹسٹ ہورہے ہیں۔ انٹرنس ٹسٹ تینوں دن دو سیشن صبح 10 تا 12 بجے اور دوپہر میں 2 تا 4 بجے آف لائن لیا جائے گا۔ یہ ٹسٹ حیدرآباد کے علاوہ آسنسول (مغربی بنگال)، اورنگ آباد (مہاراشٹرا)، بنگلورو (کرناٹک)، بھوپال (مدھیہ پردیش)، بیدر (کرناٹک)، کٹک (اڈیشہ)، دربھنگہ (بہار)، دہلی، جموں، کڑپہ (آندھرا پردیش)، کشن گنج (بہار)، لکھنو (اترپردیش)، نوح (ہریانہ)، پٹنہ (بہار)، رانچی (جھارکھنڈ)، سنبھل (اترپردیش)، سیوان (بہار)، سری نگر (جموں وکشمیر) اور وارانسی (اترپردیش) میں منعقد ہوگا۔ تفصیلات یونیورسٹی ویب سائٹ manuu.edu.in پر دستیاب ہیں۔ اردو یونیورسٹی کے انڈر گریجویٹ کورسز میں داخلہ مرکزی جامعات کے مشترکہ انٹرنس ٹسٹ کے ذریعہ دیا جارہا ہے۔ پروفیسر محمد مشاہد، سپرنٹنڈنٹ امتحانات، حیدرآباد کیمپس کے بموجب ہیڈکوارٹرس میں امتحان اسکول آف ایجوکیشن اینڈ ٹریننگ کی عمارت میں منعقد کیا جائے گا۔ امیدوار امتحان کے دن اپنے ہمراہ ہال ٹکٹ، اصل شناختی کارڈ، بلیو/بلیک بال پائنٹ پن لائیں۔ ماسک لازمی طور پر لگائیں، بنا ماسک امتحان ہال میں داخل ہونے نہیں دیا جائے گا کووڈ 19 احتیاطی اقدامات کے تحت طلبہ اپنے لیے شفاف بوتلوں میں پانی لائیں۔ کسی بھی طرح کی رکاوٹ سے بچنے کے لیے مقررہ وقت سے ایک گھنٹہ قبل امتحان مرکز پر پہنچنے کا مشورہ دیا گیا ہے۔ اس دوران، میرٹ کی بنیاد پر داخلے والے پوسٹ گریجویٹ ریگولر کورسز میں آن لائن فارم داخل کرنے کی آخری تاریخ 30 اگست ہے۔ تفصیلات یونیورسٹی ویب سائٹ manuu.edu.in پر دستیاب ای پراسپکٹس میں دیکھی جاسکتی ہیں۔

Aadab Telangana, 05-07-2022

# اردو یونیورسٹی میں ''اوپن مائک'' کا انعقاد

حیدرآباد، 4/ جولائی (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، ڈرامہ کلب کے زیر اہتمام ''اگنائٹڈ مائنڈس'' (روشن دماغ) سلسلے کے تحت ماہ لقا بائی چندا ایمفی تھیٹر میں اوپن مائک پروگرام کا ہفتے کی شام انعقاد عمل میں آیا۔ اس پروگرام میں طلبہ نے مزاحیہ خاکے، ڈرامے، قصہ گوئی، لوک گیت وغیرہ پیش کیے۔ جناب معراج احمد، کلچرل کوآرڈینیٹر نے کہا کہ اوپن مائک پروگرام طلبہ کو اپنی چھپی ہوئی صلاحیتیں اجاگر کرنے کا بہترین موقع فراہم کرتا ہے۔ اس کا مقصد یونیورسٹی میں موجود ''ہیروں'' کو تلاش کرنا ہے۔ اس کے تحت انہیں ہندوستان کی متنوع ثقافتوں کو پیش کرنے کا موقع فراہم کیا جاتا ہے۔

Aadab Telangana, 05-07-2022

# ملک کے 20 مراکز پر مانو انٹرنس ٹسٹ کا آج سے آغاز

حیدرآباد، 4/ جولائی (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے ریگولر کورسس میں داخلوں کے انٹرنس ٹسٹ 5 تا 7/ جولائی منعقد ہوں گے۔ ڈاکٹر زائر حسین، کنٹرولر امتحانات کی اطلاع کے بموجب شیڈول کے تحت انٹرنس ٹسٹ ملک کے مختلف حصوں میں 20 مراکز پر منعقد کیے جائیں گے۔ تمام پی ایچ ڈی پروگرامس، ایم بی اے، ایم سی اے، ایم ٹیک (کمپیوٹر سائنس)، ایم ایڈ، بی ایڈ، ڈی ایل ایڈ، پالی ٹیکنک کے لیے انٹرنس ٹسٹ ہو رہے ہیں۔ انٹرنس ٹسٹ تینوں دن دو سیشن صبح 10 تا 12 بجے اور دوپہر میں 2 تا 4 بجے آف لائن لیا جائے گا۔ یہ ٹسٹ حیدرآباد کے علاوہ آسنسول (مغربی بنگال)، اورنگ آباد (مہاراشٹرا)، بنگلورو (کرناٹک)، بھوپال (مدھیہ پردیش)، بیدر (کرناٹک)، کٹک (اڈیشہ)، دربھنگہ (بہار)، دہلی، جموں، کڑپہ (آندھرا پردیش)، کشن گنج (بہار)، لکھنؤ (اتر پردیش)، نوح (ہریانہ)، پٹنہ (بہار)، رانچی (جھارکھنڈ)، سنبھل (اتر پردیش)، سیوان (بہار)، سری نگر (جموں و کشمیر) اور وارانسی (اتر پردیش) میں منعقد ہوگا۔ تفصیلات یونیورسٹی ویب سائٹ manuu.edu.in پر دستیاب ہیں۔ اردو یونیورسٹی کے انڈر گریجویٹ کورسز میں داخلہ مرکزی جامعات کے مشترکہ انٹرنس ٹسٹ کے ذریعہ دیا جارہا ہے۔ پروفیسر محمد مشاہد، سپرنٹنڈنٹ امتحانات، حیدرآباد کیمپس کے بموجب ہیڈ کوارٹرس میں امتحان اسکول آف ایجوکیشن اینڈ ٹریننگ کی عمارت میں منعقد کیا جائے گا۔ امیدوار امتحان کے دن اپنے ہمراہ ہال ٹکٹ، اصل شناختی کارڈ، بلیو/بلیک بال پائنٹ پن لائیں۔ ماسک لازمی طور پر لگائیں، بنا ماسک امتحان ہال میں داخل ہونے نہیں دیا جائے گا۔ کووڈ 19 احتیاطی اقدامات کے تحت طلبہ اپنے لیے شفاف بوتلوں میں پانی لائیں۔ کسی بھی طرح کی رکاوٹ سے بچنے کے لیے مقررہ وقت سے ایک گھنٹہ قبل امتحان مرکز پر پہنچنے کا مشورہ دیا گیا ہے۔ اس دوران، میرٹ کی بنیاد پر داخلے والے پوسٹ گریجویٹ ریگولر کورسز میں آن لائن فارم داخل کرنے کی آخری تاریخ 30/ اگست ہے۔ تفصیلات یونیورسٹی ویب سائٹ manuu.edu.in پر دستیاب ای پراسپکٹس میں دیکھی جاسکتی ہیں۔

Sada e Hussaini, 05-07-2022

# اردو یونیورسٹی میں "اوپن مائک" کا انعقاد

حیدرآباد، 4/ جولائی (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، ڈرامہ کلب کے زیر اہتمام "اگنائٹڈ مائنڈس" (روشن دماغ) سلسلے کے تحت ماہ نقابائی چندا اینٹی تھیٹر میں اوپن مائک پروگرام کا ہفتے کی شام انعقاد عمل میں آیا۔ اس پروگرام میں طلبہ نے مزاحیہ خاکے، ڈرامے، قصہ گوئی، لوک گیت وغیرہ پیش کیے۔ جناب معراج احمد، کلچرل کوآرڈینیٹر نے کہا کہ اوپن مائک پروگرام طلبہ کو اپنی چھپی ہوئی صلاحیتیں اجاگر کرنے کا بہترین موقع فراہم کرتا ہے۔ اس کا مقصد یونیورسٹی میں موجود "ہیروں" کو تلاش کرتا ہے۔ اس کے تحت انہیں ہندوستان کی متنوع ثقافتوں کو پیش کرنے کا موقع فراہم کیا جاتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ہر ماہ کے پہلے سنیچر کو اینٹی تھیٹر میں یہ پروگرام منعقد کیا جاتا ہے۔ پروگرام کی ابتداء میں فاطمہ سجدہ خاتم نے نظم "اے رائڈ ٹو ہیون" (جنت کی سیر) سنائی، اشرف نے مزاحیہ خاکہ، مثمین اشرف نے "لامکاں" کے زیر عنوان کہانی، طلحہ منان "اسیروں کے نام" نظم، مظہر اور مصباح نے "فلاپ شو" کامیڈی ایکٹ پیش کیا۔ عبدالقادر نے مونو ایکٹنگ کے ذریعے طلبہ میں خودکشی کے رجحانات پر روشنی ڈالی۔ ابرار اور کمیل خان نے کامیڈی آئٹم پیش کرتے ہوئے ماحول کو قہقہہ بردوش کر دیا۔ سہراب عالم نے بہاری چرواہے کا لوک گیت پیش کیا۔ آخر میں ڈرامہ کلب کے فنکاروں نے موبائل کے حد سے زیادہ استعمال پر ایک خاکہ اسٹیج کیا۔

Sada e Hussaini, 05-07-2022

# ملک کے 20 مراکز پر مانو انٹرنس ٹسٹ کا آج سے آغاز

حیدرآباد، 4 / جولائی (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے ریگولر کورسس میں داخلوں کے انٹرنس ٹسٹ 5 تا 7 / جولائی منعقد ہوں گے۔ ڈاکٹر زاہد حسین، کنٹرولر امتحانات کی اطلاع کے بموجب شیڈیول کے تحت انٹرنس ٹسٹ ملک کے مختلف حصوں میں 20 مراکز پر منعقد کیے جائیں گے۔ تمام پی ایچ ڈی پروگرامس، ایم بی اے، ایم سی اے، ایم ٹیک (کمپیوٹر سائنس)، ایم ایڈ، بی ایڈ، ڈی ایل ایڈ، پالی ٹیکنک کے لیے انٹرنس ٹسٹ ہورہے ہیں۔ انٹرنس ٹسٹ تینوں دن دو سیشن صبح 10 تا 12 بجے اور دوپہر میں 2 تا 4 بجے آف لائن لیا جائے گا۔ تفصیلات یونیورسٹی ویب سائٹ manuu.edu.in پر دستیاب ہیں۔

STANDARD POST, Hyderabad 05-07-2022

# Hidden Gems of MANUU shine again






(Standard Post, Bureau)

Hyderabad, July 4 : The Drama Club of Maulana Azad National Urdu University, held its third open mic event "Ignited Minds" on Saturday at Mah Laqa Bai Amphitheatre. Students from different schools of the University took part. The purpose of this programme is to provide a platform for hidden talent and bring it to the front of the University.

This time, students came forward with mime, storytelling, folk song, stand-up comedy, and much more.

Mr Meraj Ahmad, Cultural Coordinator of MANUU explained that, "The open mic event provides a platform for the promotion of raw talents, thus aiming to showcase more of such hidden gems. This is basically an opportunity given to the students to portray the diverse culture of India in MANUU." He further said that this is a monthly event organised on the first Saturday of every month in the University Amphitheatre.

The programme started with the poem 'A Ride to Heaven' by Fatma Sajda Khanam of Management Department, then Ashraf came forward with a solo mime act, Mateen Ashraf with a heart touching short story on the current scenario named 'Lamakan', Talha Mannan with a poetry named "Aseeron Ke Naam".

Mazhar and Misbah presented a duo comedy performance 'Flop Show', Abdul Khadir shed some light on the suicidal tendencies among students with mono acting. Abrar and Khumail Khan brought laughter with their stand-up comedy act, Suhrab Alam presented the pain of a shepherd of not being literate in the form of a folk song in a Bihari dialect Angika and finally, the University drama club presented a mime about the over use of Mobile Phones.

STANDARD POST, Hyderabad July 5, 2022

# MANUU Entrance Starts from Today

**(Standard Post, Bureau)**

Hyderabad, July 4 : Maulana Azad National Urdu University is conducting entrance tests for admission into its various regular courses from July 5 to 7 in two sessions - Forenoon 10.00 am to 12.00 noon and Afternoon 2.00 to 4.00 pm. Entrance tests are being held for the programmes Ph.D., MBA; MCA; M. Tech. (Computer Science), M.Ed., B.Ed., D.El.Ed. and Polytechnic Diplomas.

According to Dr. Zair Hussain, Controller of Examinations, the entrance test is being conducted at 20 Exam Centres across the country. They include at Asansol (W.B), Aurangabad (M.S), Bengaluru (KS), Bhopal (MP), Bidar (KS), Cuttack (Odisha), Darbhanga (Bihar), Delhi, Jammu, Kadapa (A.P.), Kishanganj (Bihar), Lucknow (U.P), Nuh (Haryana), Patna (Bihar), Ranchi (Jharkhand), Sambhal (UP), Siwan (Bihar), Srinagar (J&K) and Varanasi (UP) apart from University headquarters Hyderabad.

According to Prof. Mohd. Moshahid, Superintendent, entrance tests at Hyderabad, the entrance will be conducted in the School of Education and Training Building, MANUU Campus. Candidates are advised to bring hall ticket, original identity card, blue/black ball point pen along with them. Candidates without mask shall not be permitted inside the exam hall. As Covid 19 precautionary measure, students may bring their own water in transparent bottles. He also advised to the candidates to arrive at the examination center one hour before the scheduled time to avoid any inconvenience.

Meanwhile, online admissions into merit based regular P.G. courses are open till August 30, 2022. Details about merit based courses are available in e-prospectus at university website manuu.edu.in.

Urdu Action, Bhopal, 05-07-2022

# اردو یونیورسٹی میں ''اوپن مائک'' کا انعقاد





[illegible]

[illegible]

[illegible]

Urdu Action, Bhopal, 05-07-2022

# ملک کے 20 مراکز پر مانو انٹرنس ٹسٹ کا آج سے آغاز



حیدرآباد، 4 جولائی (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے ریگولر کورسز میں داخلوں کے انٹرنس ٹسٹ 5 تا 7 جولائی منعقد ہوں گے۔ ڈاکٹر ذاکر حسین، کنٹرولر امتحانات کی اطلاع کے بموجب شیڈول کے تحت داخلی ٹسٹ ملک کے مختلف حصوں میں 20 مراکز پر منعقد کیے جائیں گے۔ ان میں پی ایچ ڈی، پوسٹ گریجویٹ، ایم اے، ایم ایس سی (کیمسٹری، ریاضی)، ایم ایڈ، ڈی ایل ایڈ اور پالی ٹیکنک کے لیے انٹرنس ٹسٹ ہو رہے ہیں۔

انٹرنس ٹسٹ تین دن صبح 10 تا 12 بجے اور دوپہر میں 2 تا 4 بجے منعقد کیا جائے گا۔ ٹسٹ حیدرآباد کے علاوہ آسنسول (مغربی بنگال)، اورنگ آباد (مہاراشٹرا)، بنگلورو (کرناٹک)، بھوپال (مدھیہ پردیش)، بیدر (کرناٹک)، کٹک (اڈیشہ)، دربھنگہ (بہار)، دہلی، ممبئی، کڑپہ (آندھرا پردیش)، لکھنؤ (اترپردیش)، نوح (ہریانہ)، سنبھل (اترپردیش)، رانچی (جھارکھنڈ)، کولکاتا (مغربی بنگال)، سری نگر (جموں و کشمیر)، امپھال (منی پور)، پٹنہ (بہار) میں منعقد ہوگا۔ تفصیلات یونیورسٹی ویب سائٹ manuu.edu.in پر دستیاب ہیں۔ اردو یونیورسٹی کے انڈر گریجویٹ کورسز میں داخلہ مرکزی جامعات کے مشترکہ داخلہ ٹسٹ کے ذریعہ ہو رہا ہے۔

پروفیسر محمد مشاہد، صدر نشین نظامت امتحانات، حیدرآباد کیمپس کے بموجب بیچلر کورسز میں امتحان اسکول آف ایجوکیشن اینڈ ٹریننگ کی عمارت میں منعقد کیا جائے گا۔ امیدوار امتحان کے دن اپنے ہمراہ ہال ٹکٹ، اصل شناختی کارڈ، فوٹو اور بال پائنٹ پین لائیں۔ مقررہ وقت کے بعد امتحان ہال میں داخلہ ہونے نہیں دیا جائے گا۔ کووڈ 19 احتیاطی اقدامات کے تحت طلبا سے اپنے ساتھ سینیٹائزر اور پانی ساتھ رکھنے کی ہدایت دی گئی ہے۔ کسی بھی طرح کی رکاوٹ سے بچنے کے لیے مقررہ وقت سے ایک گھنٹہ قبل امتحان مرکز پہنچنے کا مشورہ دیا گیا ہے۔

اس دوران، میرٹ کی بنیاد پر داخلے والے پوسٹ گریجویٹ ریگولر کورسز میں آن لائن فارم داخل کرنے کی آخری تاریخ 30 اگست ہے۔ تفصیلات یونیورسٹی ویب سائٹ manuu.edu.in پر دستیاب ہیں۔ داخلے آن لائن ہی حاصل کیے جا سکتے ہیں۔

روزنامہ الحیات
شہر نگاراں
06-07-2022

# اردو یونیورسٹی میں جشن بہاراں کی تقریبِ تقسیم انعامات



الحیات نیوز سروس

حیدرآباد، 5 جولائی: مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں طلبہ یونین کے پروگرام "جشن بہاراں" کا کل شام آغا حشر کاشمیری آڈیٹوریم، نظامت فاصلاتی تعلیم میں جلسہ تقسیم انعامات منعقد ہوا۔ اس موقع پر پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر، پروفیسر علیم اشرف جائسی، ڈین بہبودی طلبہ، پروفیسر گنتہ رمیش، سابق پروفیسر شعبہ تعلیم وتربیت کے ہاتھوں طلبہ، کوآرڈینیٹرس اور طلبہ یونین عہدیداروں میں انعامات و سرٹیفکیٹ کی تقسیم عمل میں آئی۔ اس موقع پر صدارتی خطاب میں پروفیسر عین الحسن نے طلبہ کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کہا کہ جشن بہاراں کے دوران ادبی، ثقافتی اور کھیل کود مقابلوں و مظاہروں میں طلبہ کی کارکردگی نہایت ہی شاندار رہی۔ اس کے لیے طلبہ کے ساتھ ساتھ ڈین بہبودی طلبہ پروفیسر علیم اشرف جائسی، ان کی ٹیم، طلبہ یونین اور دیگر تمام ذمہ داران قابل مبارکباد ہیں۔ انہوں طلبہ کو مشورہ دیا کہ وہ جشن بہاراں کے جوش و جذبہ کو برقرار رکھیں اور اسے فراموش نہ کریں۔ طلبہ یونین مشاورتی کمیٹی کے صدر نشین پروفیسر عبدالسمیع صدیقی اور کنوینر ڈاکٹر محمد یوسف خان، پروفیسر مشتاق احمد آئی پٹیل، پرووسٹ بوائز ہاسٹلس، ڈاکٹر وقار النساء، پرووسٹ گرلز ہاسٹلس، طلبہ یونین کے عہدیداران ابوحمزہ، محمد حارث، اعظم جہاں اور وقار احمد مجتبیٰ شہ نشین پر موجود تھے۔ محترمہ عصمت فاطمہ، اسسٹنٹ ڈین بہبودی طلبہ نے کارروائی چلائی۔ محمد مرسلین، صدر طلبہ یونین نے شکریہ ادا کیا۔ ابتداء میں جشن بہاراں کے دوران منعقد ہوئے مختلف کھیل کود اور ادبی، ثقافتی مقابلوں کی جھلکیوں اور تصاویر پر مبنی ویڈیو دکھایا گیا۔

Al Hayat, 6-7-2022

# تعلیم نوبالغان حکومت بہار کا ”ڈریم پراجیکٹ“: محمد زماں خان

## دینی مدارس کے لیے مانو، اقوام متحدہ آبادی فنڈ کے اورینٹیشن پروگرام سے بہار کے وزیر اقلیتی بہبود کا خطاب



**الحیات نیوز سروس**

حیدرآباد، 5 جولائی: تعلیم نو بالغان پروگرام بہار سرکار کا ایک ڈریم پروجیکٹ ہے جو مدارس کے معیار تعلیم کو بلند کرنے میں اہم رول ادا کر رہا ہے۔ حکومت بہار اس پروگرام کو زمینی سطح پر لاگو کرنے میں نہایت سنجیدہ ہے۔ مدارس کے فارغین نے ہر دور میں اپنی تاریخ رقم کی ہے اور آج ہم پھر اس پروگرام کے ذریعہ نئی تاریخ رقم کرنے جا رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار مہمان خصوصی جناب محمد زماں خان وزیر برائے اقلیتی بہبود، حکومت بہار نے کل یو این ایف پی اے کے پروگرام تعلیم نو بالغان کے تحت توحید ایجوکیشنل ٹرسٹ، کشن گنج میں صدر مدرسین کے اورینٹیشن پروگرام میں کیا۔ یہ پروگرام حکومت بہار کی مدرسہ استحکامی اسکیم کا حصہ ہے۔ اس کے اہتمام میں جامعہ ملیہ اسلامیہ اور بہار مدرسہ ایجوکیشن بورڈ بھی تعاون کر رہے ہیں۔ اورینٹیشن پروگرام میں کشن گنج اور ارریہ ضلع کے تقریباً 485 ملحقہ مدارس کے صدر مدرسین نے شرکت کی۔ محمد زماں خان نے کہا کہ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ اس پروگرام کو لاگو کرنے اور آگے بڑھانے میں بہار سرکار پوری طرح سے ہر ممکن مدد فراہم کرے گی اور میری نیک تمنائیں آپ کے ساتھ ہیں۔ توحید ایجوکیشنل ٹرسٹ کے صدر نشین جناب عبدالمتین سلفی نے شرکا کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ توحید ایجوکیشنل ٹرسٹ کا انتخاب کرنا ہم سب کے لئے نہایت ہی عزت اور فخر کی بات ہے اس کے لیے میں مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کا شکر گزار ہوں۔ بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ کے صدر نشین جناب منوج کمار (آئی اے ایس) نے آن لائن خطاب کرتے ہوئے بھی شرکا کا خیر مقدم کیا اور مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ اس پروگرام کے ذریعہ بہار کے مدارس کا معیار تعلیم بلند ہوگا علمی اور تدریسی حکمت عملی میں جدت پیدا ہوگی۔ حکومت بہار، مدارس کو بہتر بنانے کی ہر ممکن کوشش کر رہی ہے۔ اس پروگرام کے تحت ہر مدرسہ سے دو اساتذہ یعنی نوڈل ٹیچر کا انتخاب صدر مدرس کو کرنا ہے تاکہ وہ ٹریننگ میں حصہ لے سکیں۔ جناب ڈاکٹر ندیم نور، اقوام متحدہ آبادی فنڈ نے کہا کہ تعلیم نو بالغان پروگرام کی ابتدا 2019 میں پورنیہ اور کٹیہار کے 373 مدارس سے ہوئی۔ وہاں کے مدارس نے بڑے جوش و خروش اور ایمانی جذبہ کے ساتھ اس میں حصہ لیا اور اپنے مدارس میں اسکو لاگو کیا۔ صرف ایک سال کی مدت میں یہ پروگرام اتنا کامیاب اور مقبول ہو گیا کہ اس کو حکومت بہار نے پوری ریاست میں لاگو کیا۔ پروفیسر محمد شاہد، پروجیکٹ ڈائرکٹر تعلیم نو بالغان نے کہا کہ مدارس اسلامیہ کی سرزمین نہایت ہی زرخیز ہے۔ مدارس آج بھی ایسے بچوں کی تعلیمی کفالت کی ذمہ داری اٹھاتے ہیں جن کا سماج میں کوئی پرسان حال نہیں۔ تعلیم نو بالغان پروگرام مدارس کے لئے کئی اعتبار سے اہمیت کا حامل ہے اس پروگرام سے جہاں ایک طرف اساتذہ نئی تدریسی حکمت عملی سے روشناس ہوں گے تو وہیں دوسری طرف طلباء وطالبات کے اندر تنقیدی شعور اور تخلیقی سوچ پیدا ہوگی جس سے ان کے اندر قوت فیصلہ، بااختیاری اور مشاہداتی مہارتوں کا فروغ ہوگا۔ جناب سید انصاری، سکریٹری، بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ نے کہا کہ وہ تمام صدر مدرسین سے گزارش کرتے ہیں کہ اس پروگرام کو اپنے مدارس میں پوری طرح سے نافذ کریں۔ محکمہ اقلیتی بہبود کے ڈائرکٹر جناب امیر آفاق احمد فیضی نے مدرسہ استحکامی اسکیم کی افادیت پر روشنی ڈالی۔ پروفیسر محمد فیض احمد پرنسپل بی ٹی ای، مانو، دربھنگہ اپنے نظامت کی اور شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر محترمہ کرتی، یو این ایف پی اے چیف بہار نے اپنی ٹیم کی بہترین کارکردگی کی حوصلہ افزائی کی۔ ڈاکٹر شفاعت احمد، فرمان خان پروگرام مینیجر، عرفان خان، محترمہ تبا ملک، جناب نیّن، جنید احمد اور دیگر ممبران نے انتظامی امور کی ذمہ داریاں نبھائیں۔

Aadab Telangana, 6-7-2022

# اردو یونیورسٹی میں جشن بہاراں کی تقریبِ تقسیم انعامات



حیدرآباد، 5رجولائی (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں طلبہ یونین کے پروگرام ''جشنِ بہاراں'' کا کل شام آغا حشر کاشمیری آڈیٹوریم، نظامت فاصلاتی تعلیم میں جلسۂ تقسیم انعامات منعقد ہوا۔ اس موقع پر پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر، پروفیسر علیم اشرف جائسی، ڈین بہبودی طلبہ، پروفیسر گھنٹہ رمیش، سابق پروفیسر شعبۂ تعلیم و تربیت کے ہاتھوں طلبہ، کوآرڈینیٹرس اور طلبہ یونین عہدیداروں میں انعامات و سرٹیفکیٹ کی تقسیم عمل میں آئی۔ اس موقع پر صدارتی خطاب میں پروفیسر عین الحسن نے طلبہ کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کہا کہ جشن بہاراں کے دوران ادبی، ثقافتی اور کھیل کود مقابلوں و مظاہروں میں طلبہ کی کارکردگی نہایت ہی شاندار رہی۔ اس کے لیے طلبہ کے ساتھ ساتھ ڈین بہبودیٔ طلبہ پروفیسر علیم اشرف جائسی، ان کی ٹیم، طلبہ یونین اور دیگر تمام ذمہ داران قابل مبارکباد ہیں۔ انہوں طلبہ کو مشورہ دیا کہ وہ جشن بہاراں کے جوش و جذبہ کو برقرار رکھیں اور اسے فراموش نہ کریں۔ طلبہ یونین مشاورتی کمیٹی کے صدر نشین پروفیسر عبدالسمیع صدیقی اور کنوینر ڈاکٹر محمد یوسف خان، پروفیسر مشتاق احمد آئی پٹیل، پرووسٹ بوائز ہاسٹلس، ڈاکٹر وقارالنساء، پرووسٹ گرلز ہاسٹلس، طلبہ یونین کے عہدیداران ابو حمزہ، محمد حارث، انعم جہاں اور وقار احمد بھی شہ نشین پر موجود تھے۔ محترمہ عصمت فاطمہ، اسسٹنٹ ڈین بہبودیٔ طلبہ نے کارروائی چلائی۔ محمد مرسلین، صدر طلبہ یونین نے شکریہ ادا کیا۔ ابتداء میں جشن بہاراں کے دوران منعقد ہوئے مختلف کھیل کود اور ادبی، ثقافتی مقابلوں کی جھلکیوں اور تصاویر پر مبنی ویڈیو دکھایا گیا۔

THE INQUILAB انقلاب 06-07-2022

# اردو یونیورسٹی میں جشن بہاراں کی تقریبِ تقسیم انعامات

حیدرآباد، (پریس ریلیز) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں طلبہ یونین کے پروگرام 'جشنِ بہاراں' کا کل شام آغا حشر کاشمیری آڈیٹوریم، نظامت فاصلاتی تعلیم میں جلسۂ تقسیم انعامات منعقد ہوا۔ اس موقع پر پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر، پروفیسر علیم اشرف جائسی، ڈین بہبودیِ طلبہ، پروفیسر گھنٹہ رمیش، سابق پروفیسر شعبۂ تعلیم و تربیت کے ہاتھوں طلبہ، کوآرڈی نیٹرس اور طلبہ یونین عہدیداروں میں انعامات و سرٹیفکیٹ کی تقسیم عمل میں آئی۔ اس موقع پر صدارتی خطاب میں پروفیسر عین الحسن نے طلبہ کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کہا کہ جشن بہاراں کے دوران ادبی، ثقافتی او[illegible]د مقابلوں و مظاہروں میں طلبہ کی کارکردگی نہایت ہی شاندار رہی۔ اس کے لیے طلبہ کے ساتھ ساتھ ڈین بہبودیِ طلبہ پروفیسر علیم اشرف جائسی، ان کی ٹیم، طلبہ یونین اور دیگر تمام ذمہ داران قابل مبارکباد ہیں۔ انہوں نے طلبہ کو مشورہ دیا کہ وہ جشن بہاراں کے جوش و جذبہ کو برقرار رکھیں اور اسے فراموش نہ کریں۔



طلبہ یونین مشاورتی کمیٹی کے صدر نشین پروفیسر عبدالسمیع صدیقی اور کنوینر ڈاکٹر محمد یوسف خان، پروفیسر مشتاق احمد آئی پٹیل، پرووسٹ بوائز ہاسٹلس، ڈاکٹر وقار النساء، پرووسٹ گرلز ہاسٹلس، طلبہ یونین کے عہدیداران ابوحمزہ، محمد حارث، انعم جہاں اور وقار احمد بھی شہ نشین پر موجود تھے۔ عصمت فاطمہ، اسسٹنٹ ڈین بہبودیِ طلبہ نے کارروائی چلائی۔ محمد مرسلین، صدر طلبہ یونین نے شکریہ ادا کیا۔

ابتداء میں جشن بہاراں کے دوران منعقد مختلف کھیل کود اور ادبی، ثقافتی مقابلوں کی جھلکیوں اور تصاویر پر مبنی ویڈیو دکھایا گیا۔

Press Media 6-7-2022

# Shabnam & Co victorious at Jashn-e-Baharan



Hyderabad: Shabnam Khatoon, captain of the girl's Kabaddi team received the winners trophy and medals, who emerged champions in the Jashn-e-Baharan-2022 cultural, literary & sports festival at the Maulana Azad National Urdu University (MANUU) on Monday.MANUU Students' Union (MSU) organised the event from June 24 to 28.Prof. Syed Ainul Hasan, Vice Chancellor of MANUU distributed the prizes and certificates to the victorious students, coordinators and office bearers of MSU.He lauded the students and advised them to maintain competitive spirit and cherish the memories of Jashn-e-Baharan. He also congratulated students, DSW team, student's union and all the concerned officials for organising the event successfully.Prof. Mohammad Abdul Sami Siddiqui, chairman of MSU Advisory Committee and Dr Mohammad Yousuf Khan, Convenor Committee, Prof. Mushtaq Ahmed I Patel and Dr Viquar Unnisa were present in the event.Photo Caption: Girl's Kabaddi team captain Shabnam Khatoon receiving the winners trophy and certificate from Prof. Syed Ainul Hasan. (Below row) the winners team with their medals.

Sahafi e Deccan, 6-7-2022

# تعلیم نو بالغان حکومت بہار کا ’’ڈریم پراجیکٹ‘‘: محمد زماں خان

## دینی مدارس کے لیے مانو، اقوام متحدہ آبادی فنڈ کے اورینٹیشن پروگرام سے بہار کے وزیر اقلیتی بہبود کا خطاب



حیدرآباد، 5رجولائی (پریس نوٹ) تعلیم نو بالغان پروگرام بہار سرکار کا ایک ڈریم پروجیکٹ ہے جو مدارس کے معیار تعلیم کو بلند کرنے میں اہم رول ادا کر رہا ہے۔ حکومت بہار اس پروگرام کو زمینی سطح پر لاگو کرنے میں نہایت سنجیدہ ہے۔ مدارس کے فارغین نے ہر دور میں اپنی تاریخ رقم کی ہے اور آج ہم پھر اس پروگرام کے ذریعہ نئی تاریخ رقم کرنے جا رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار مہمان خصوصی جناب محمد زماں خان وزیر برائے اقلیتی بہبود، حکومت بہار نے کل یو این ایف پی اے کے پروگرام تعلیم نو بالغان کے تحت تو حید ایجوکیشنل ٹرسٹ، کشن گنج میں صدر مدرسین کے اورینٹیشن پروگرام میں کیا۔ یہ پروگرام حکومت بہار کی مدرسہ استحکامی اسکیم کا حصہ ہے۔ اس کے اہتمام میں جامعہ ملیہ اسلامیہ اور بہار مدرسہ ایجوکیشن بورڈ بھی تعاون کر رہے ہیں۔ اورینٹیشن پروگرام میں کشن گنج اور اررایہ ضلع کے تقریباً 485 ملحقہ مدارس کے صدر مدرسین نے شرکت کی۔ محمد زماں خان نے کہا کہ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ اس پروگرام کو لاگو کرنے اور آگے بڑھانے میں بہار سرکار پوری طرح سے ہر ممکن مدد فراہم کرے گی اور میری نیک تمنائیں آپ کے ساتھ ہیں۔ توحید ایجوکیشنل ٹرسٹ کے صدر نشین جناب عبدالمتین سلفی نے شرکاء کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ توحید ایجوکیشنل ٹرسٹ کا انتخاب کرنا ہم سب کے لئے نہایت ہی عزت اور فخر کی بات ہے اس کے لیے میں مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کا شکر گزار ہوں۔ بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ کے صدر نشین جناب منوج کمار (آئی اے ایس) نے آن لائن خطاب کرتے ہوئے بھی شرکاء کا خیر مقدم کیا اور مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ اس پروگرام کے ذریعہ بہار کے مدارس کا معیار تعلیم بلند ہوگا علمی اور تدریسی حکمت عملی میں جدت پیدا ہوگی۔ حکومت بہار، مدارس کو بہتر بنانے کی ہر ممکن کوشش کر رہی ہے۔ اس پروگرام کے تحت ہر مدرسہ سے دو اساتذہ یعنی نوڈل ٹیچر کا انتخاب صدر مدرس کو کرنا ہے تاکہ وہ ٹریننگ میں حصہ لے سکیں۔ جناب ڈاکٹر ندیم نور، اقوام متحدہ آبادی فنڈ نے کہا کہ تعلیم نو بالغان پروگرام کی ابتدا 2019 میں پورنیہ اور کٹیہار کے 373 مدارس سے ہوئی، وہاں کے مدارس نے

بڑے جوش و خروش اور ایمانی جذبہ کے ساتھ اس میں حصہ لیا اور اپنے مدارس میں اسکو لاگو کیا۔ صرف ایک سال کی مدت میں یہ پروگرام اتنا کامیاب اور مقبول ہو گیا کہ اس کو حکومت بہار نے پوری ریاست میں لاگو کیا۔ پروفیسر محمد شاہد، پروجیکٹ ڈائرکٹر، تعلیم نو بالغان نے کہا کہ مدارس اسلامیہ کی سرزمین نہایت ہی زرخیز ہے۔ مدارس آج بھی ایسے بچوں کی تعلیمی کفالت کی ذمہ داری اٹھاتے ہیں جن کا سماج میں کوئی پرسان حال نہیں۔ تعلیم نو بالغان پروگرام مدارس کے لئے کئی اعتبار سے اہمیت کا حامل ہے اس پروگرام سے جہاں ایک طرف اساتذہ نئی تدریسی حکمت عملی سے روشناس ہوں گے تو وہیں دوسری طرف طلباء و طالبات کے اندر تنقیدی شعور اور تخلیقی سوچ پیدا ہوگی جس سے ان کے اندر قوت فیصلہ، بااختیاری اور مشاہداتی مہارتوں کا فروغ ہوگا۔ جناب سید انصاری، سکریٹری، بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ نے کہا کہ وہ تمام صدر مدرسین سے گزارش کرتے ہیں کہ اس پروگرام کو اپنے مدارس میں پوری طرح سے نافذ کریں۔ محکمہ اقلیتی بہبود کے ڈائرکٹر جناب امیر آفاق احمد فیضی نے مدرسہ استحکامی اسکیم کی افادیت پر روشنی ڈالی۔ پروفیسر محمد فیض احمد پرنسپل سی ٹی ای، مانو، دربھنگہ نے نظامت کی اور شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر محترمہ کرتی، یو این ایف پی اے، چیف بہار نے اپنی ٹیم کی بہترین کارکردگی کی حوصلہ افزائی کی۔ ڈاکٹر شفاعت احمد، فرمان خان پروگرام مینیجر، عرفان خان، محترمہ نیہا ملک، جناب نین، جنید احمد اور دیگر ممبران نے انتظامی امور کی ذمہ داریاں نبھائیں۔

Sahafi e Deccan, 6-7-2022

# اردو یونیورسٹی میں جشن بہاراں کی تقریب تقسیم انعامات



حیدرآباد، 5/ جولائی (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں طلبہ یونین کے پروگرام "جشنِ بہاراں" کا کل شام آغا حشر کاشمیری آڈیٹوریم، نظامت فاصلاتی تعلیم میں جلسۂ تقسیم انعامات منعقد ہوا۔ اس موقع پر پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر، پروفیسر علیم اشرف جائسی، ڈین بہبودیٔ طلبہ، پروفیسر گھنٹہ رمیش، سابق پروفیسر شعبۂ تعلیم و تربیت کے ہاتھوں طلبہ، کوآرڈینیٹرس اور طلبہ یونین عہدیداروں میں انعامات و سرٹیفکیٹ کی تقسیم عمل میں آئی۔ اس موقع پر صدارتی خطاب میں پروفیسر عین الحسن نے طلبہ کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کہا کہ جشن بہاراں کے دوران ادبی، ثقافتی اور کھیل کود مقابلوں و مظاہروں میں طلبہ کی کارکردگی نہایت ہی شاندار رہی۔ اس کے لیے طلبہ کے ساتھ ساتھ ڈین بہبودی طلبہ پروفیسر علیم اشرف جائسی، ان کی ٹیم، طلبہ یونین اور دیگر تمام ذمہ داران قابل مبارکباد ہیں۔ انہوں طلبہ کو مشورہ دیا کہ وہ جشن بہاراں کے جوش و جذبہ کو برقرار رکھیں اور اسے فراموش نہ کریں۔ طلبہ یونین مشاورتی کمیٹی کے صدر نشین پروفیسر عبدالسمیع صدیقی اور کنوینر ڈاکٹر محمد یوسف خان، پروفیسر مشتاق احمد آئی پٹیل، پرووسٹ بوائز ہاسٹلس، ڈاکٹر وقار النساء، پرووسٹ گرلز ہاسٹلس، طلبہ یونین کے عہدیداران ابوحمزہ، محمد حارث، انجم جہاں اور وقار احمد بھی شہ نشین پر موجود تھے۔ محترمہ عصمت فاطمہ، اسسٹنٹ ڈین بہبودی طلبہ نے کاروائی چلائی۔ محمد مرسلین، صدر طلبہ یونین نے ی شکریہ ادا کیا۔ ابتداء میں جشن بہاراں کے دوران منعقد ہوئے مختلف کھیل کود اور ادبی، ثقافتی مقابلوں کی جھلکیوں اور تصاویر پرمبنی ویڈیو دکھایا گیا۔

Standard Post, 6-7-2022

# Jashn-e-Baharan Prize distribution held



**(Standard Post, Bureau)**

Hyderabad, July 5 :Maulana Azad National Urdu University (MANUU) held prize distribution ceremony yesterday evening for the winners of cultural, literary & sports competitions held during Jashn-e-Baharan-2022 festival. MANUU Students' Union (MSU) organized the event from June 24 to 28, 2022.

Prof. Syed Ainul Hasan, Vice Chancellor, Prof. Syed Alim Ashraf Jaisi, Dean Students' Welfare, Prof. Ghanta Ramesh, former Professor, Department of Education and Training handed over the prizes and certificates to the victorious students, coordinators and office bearers of MSU.

Prof. Ainul Hasan in his presidential address appreciated students and said they put their best effort in these competitions. He advised them to maintain competitive spirit and cherish the memories of Jashn-e-Baharan.

He also congratulated students, DSW team, student's union and all the concerned officials for organizing the event successfully.

Prof. Mohd. Abdul Sami Siddiqui, chairman, MSU Advisory Committee and Dr. Mohd Yousuf Khan, Convenor Committee, Prof. Mushtaq Ahmed I. Patel, Provost, Boys Hostels and Dr. Viquar Unnisa, Provost, Girls Hostel were present on the occasion.

Ms. Ismat Fathima, Assistant Dean, DSW convened the programme and Mr. Mohd Mursaleen, President, MSU proposed vote of thanks.

MSU office bearers - Md. Abu Hamza, Vice President; Mohd. Haris, Secretary; Ms. Anam Jahan, Joint Secretary and Waqar Ahmad Treasurer were also present.

Urdu Action, 6-7-2022

# تعلیم نو بالغان حکومت بہار کا ''ڈریم پراجیکٹ'': محمد زماں خان

## دینی مدارس کیلئے مانو، اقوام متحدہ آبادی فنڈ کے اورینٹیشن پروگرام سے بہار کے وزیر اقلیتی بہبود کا خطاب



Urdu Action, Bhopal, 6-7-2022

# اُردو یونیورسٹی میں جشن بہاراں کی تقریب تقسیم انعامات



حیدرآباد، 5 جولائی (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں طلبہ یونین کے پروگرام "جشن بہاراں" کا کل شام آغا حشر کاشمیری آڈیٹوریم، نظامت فاصلاتی تعلیم میں جلسہ تقسیم انعامات منعقد ہوا۔ اس موقع پر پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر، پروفیسر علیم اشرف جائسی، ڈین، بہبودیٔ طلبہ، پروفیسر گلفشاں حبیب، سابق پروفیسر شعبۂ تعلیم و تربیت کے ہاتھوں طلبہ کو ٹرافیاں اور طلبہ یونین عہدیداروں میں انعامات و سرٹیفکیٹ کی تقسیم عمل میں آئی۔ اس موقع پر صدارتی خطاب میں پروفیسر عین الحسن نے طلبہ کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کہا کہ جشن بہاراں کے دوران ادبی، ثقافتی اور کھیل کود مقابلوں و مظاہروں میں طلبہ کی کارکردگی نہایت ہی شاندار رہی۔ اس کے لیے طلبہ کے ساتھ ساتھ ڈین، بہبودیٔ طلبہ پروفیسر علیم اشرف جائسی، ان کی ٹیم، طلبہ یونین اور دیگر تمام ذمہ داران قابل مبارکباد ہیں۔ انہوں نے طلبہ کو مشورہ دیا کہ وہ جشن بہاراں کے جوش و جذبہ کو برقرار رکھیں اور اسے فراموش نہ کریں۔

طلبہ یونین مشاورتی کمیٹی کے صدر نشین پروفیسر عبدالسمیع صدیقی اور کنوینرز ڈاکٹر محمد یوسف خان، پروفیسر مشتاق احمد آئی پٹیل، پرووسٹ بوائز ہاسٹلس، ڈاکٹر وقار النساء، پرووسٹ گرلز ہاسٹلس، طلبہ یونین کے عہدیداران ابوحمزہ، محمد حارث، انجم جہاں اور وقار احمد بھی شہ نشین پر موجود تھے۔ محترمہ عصمت فاطمہ، اسسٹنٹ ڈین، بہبودیٔ طلبہ نے کارروائی چلائی۔ محمد مرتضیٰ، صدر طلبہ یونین نے شکریہ ادا کیا۔ ابتداء میں جشن بہاراں کے دوران منعقد ہوئے مختلف کھیل کود و ادبی، ثقافتی مقابلوں کی جھلکیوں اور تصاویر پر مبنی ویڈیو بھی دکھایا گیا۔

راشٹریہ سہارا
5 JUL 2022

# اردو یونیورسٹی میں ''اوپن مائک'' کا انعقاد

حیدرآباد۔ (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، ڈرامہ کلب کے زیر اہتمام ''اگنائٹڈ مائنڈس'' (روشن دماغ) سلسلے کے تحت ماہ لقابائی چندا ایمفی تھیٹر میں اوپن مائک پروگرام کا ہفتے کی شام انعقاد عمل میں آیا۔ اس پروگرام میں طلبہ نے مزاحیہ خاکے، ڈرامے، قصہ گوئی، لوک گیت وغیرہ پیش کیے۔ جناب معراج احمد، کلچرل کوآرڈینیٹر نے کہا کہ اوپن مائک پروگرام طلبہ کو اپنی چھپی ہوئی صلاحیتیں اجاگر کرنے کا بہترین موقع فراہم کرتا ہے۔ اس کا مقصد یونیورسٹی میں موجود ''ہیروں'' کو تلاش کرنا ہے۔ اس کے تحت انہیں ہندوستان کی متنوع ثقافتوں کو پیش کرنے کا موقع فراہم کیا جاتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ہر ماہ کے پہلے سنیچر کو ایمفی تھیٹر میں یہ پروگرام منعقد کیا جاتا ہے۔ پروگرام کی ابتداء میں فاطمہ سجدہ خانم نے نظم ''اے رائڈ ٹو ہیون'' (جنت کی سیر) سنائی، اشرف نے مزاحیہ خاکہ، متین اشرف نے ''لامکاں'' کے زیر عنوان کہانی، طلحہ منان ''اسیروں کے نام'' نظم، مظہر اور مصباح نے ''فلاپ شو'' کامیڈی ایکٹ پیش کیا۔

راشٹریہ سہارا

5 JUL 2022

منصف

## ملک کے 20 مراکز پر مانو انٹرنس ٹسٹ کا آج سے آغاز

حیدرآباد (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے ریگولر کورسس میں داخلوں کے انٹرنس ٹسٹ 5 تا 7 / جولائی منعقد ہوں گے۔ ڈاکٹر زائر حسین، کنٹرولر امتحانات کی اطلاع کے بموجب شیڈیول کے تحت انٹرنس ٹسٹ ملک کے مختلف حصوں میں 20 مراکز پر منعقد کیے جائیں گے۔ تمام پی ایچ ڈی پروگرامس، ایم بی اے، ایم سی اے، ایم ٹیک (کمپیوٹر سائنس)، ایم ایڈ، بی ایڈ، ڈی ایل ایڈ، پالی ٹیکنک کے لیے انٹرنس ٹسٹ ہورہے ہیں۔ انٹرنس ٹسٹ تینوں دن دو سیشن صبح 10 تا 12 بجے اور دوپہر میں 2 تا 4 بجے آف لائن لیا جائے گا۔ یہ ٹسٹ حیدرآباد کے علاوہ آسنسول (مغربی بنگال)، اورنگ آباد (مہاراشٹرا)، بنگلورو (کرناٹک)، بھوپال (مدھیہ پردیش)، بیدر (کرناٹک)، کٹک (اڈیشہ)، دربھنگہ (بہار)، دہلی، جموں، کڑپہ (آندھرا پردیش)، کشن گنج (بہار)، لکھنؤ (اتر پردیش)، نوح (ہریانہ)، پٹنہ (بہار)، رانچی (جھارکھنڈ)، سنبھل (اتر پردیش)، سیوان (بہار)، سری نگر (جموں وکشمیر) اور وارانسی (اتر پردیش) میں منعقد ہوگا۔ تفصیلات یونیورسٹی ویب سائٹ manuu.edu.in پر دستیاب ہیں۔ اردو یونیورسٹی کے انڈر گریجویٹ کورسز میں داخلہ مرکزی جامعات کے مشترکہ انٹرنس ٹسٹ کے ذریعہ دیا جارہا ہے۔ پروفیسر محمد مشاہد، سپرنٹنڈنٹ امتحانات، حیدرآباد کیمپس کے بموجب ہیڈ کوارٹرس میں امتحان اسکول آف ایجوکیشن اینڈ ٹریننگ کی عمارت میں منعقد کیا جائے گا۔ امیدوار امتحان کے دن اپنے ہمراہ ہال ٹکٹ، اصل شناختی کارڈ، بلیو/بلیک بال پائنٹ پن لائیں۔ ماسک لازمی طور پر لگائیں، بنا ماسک امتحان ہال میں داخل ہونے نہیں دیا جائے گا۔ کووڈ 19 احتیاطی اقدامات کے تحت طلبہ اپنے لیے شفاف بوتلوں میں پانی لائیں۔ کسی بھی طرح کی رکاوٹ سے بچنے کے لیے مقررہ وقت سے ایک گھنٹہ قبل امتحان مرکز پر پہنچنے کا مشورہ دیا گیا ہے۔ اس دوران، میرٹ کی بنیاد پر داخلے والے پوسٹ گریجویٹ ریگولر کورسز میں آن لائن فارم داخل کرنے کی آخری تاریخ 30 / اگست ہے۔ تفصیلات یونیورسٹی ویب سائٹ manuu.edu.in پر دستیاب ای پراسپکٹس میں دیکھی جاسکتی ہیں۔

## مانو انٹرنس ٹسٹ کا آج سے آغاز

حیدرآباد۔ 4 / جولائی (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے ریگولر کورسس میں داخلوں کے انٹرنس ٹسٹ 5 تا 7 / جولائی منعقد ہوں گے۔ ڈاکٹر زائر حسین، کنٹرولر امتحانات کی اطلاع کے بموجب شیڈیول کے تحت انٹرنس ٹسٹ ملک کے مختلف حصوں میں 20 مراکز پر منعقد کیے جائیں گے۔ تمام پی ایچ ڈی پروگرامس، ایم بی اے، ایم سی اے، ایم ٹیک (کمپیوٹر سائنس)، ایم ایڈ، بی ایڈ، ڈی ایل ایڈ، پالی ٹیکنک کے لئے انٹرنس ٹسٹ ہورہے ہیں۔ انٹرنس ٹسٹ تینوں دن دو سیشن صبح 10 تا 12 بجے اور دوپہر میں 2 تا 4 بجے آف لائن لیا جائے گا۔ یہ ٹسٹ حیدرآباد کے علاوہ آسنسول (مغربی بنگال)، اورنگ آباد، بنگلورو، بھوپال، بیدر، کٹک، دربھنگہ (بہار)، دہلی، جموں، کڑپہ (آندھرا پردیش)، کشن گنج (بہار)، لکھنؤ (اتر پردیش)، نوح (ہریانہ)، پٹنہ (بہار)، رانچی (جھارکھنڈ)، سنبھل (اتر پردیش)، سیوان (بہار)، سری نگر (جموں وکشمیر) اور وارانسی (اتر پردیش) میں منعقد ہوگا۔ تفصیلات یونیورسٹی ویب سائٹ manuu.edu.in پر دستیاب ہیں۔

Telangana Today

Hyderabad

## MANUU conducts entrance tests

The Maulana Azad National Urdu University (MANUU) is conducting entrance tests for admission into its various regular courses from July 5 to 7 in two sessions - 10 am to 12 noon and 2 to 4 pm. The entrance tests are being held for the programmes- PhD, MBA, MCA, MTech (Computer Science), MEd, BEd, DEIEd and Polytechnic diplomas. For details, visit www.manuu.edu.in.

DECCAN CHRONICLE

## MANUU ENTRANCE EXAMS TO BEGIN FROM JULY 5

DC CORRESPONDENT
HYDERABAD, JULY 4

Maulana Azad National Urdu University (MANUU) is conducting entrance tests for admission into its various regular courses from July 5 to 7. Entrance tests are being held for the programmes Ph.D., MBA; MCA; M. Tech. (Computer Science), M.Ed., B.Ed., D.El.Ed. and Polytechnic Diplomas.

The tests will be conducted in two sessions - from 10.00 am to 12.00 noon and from 2.00 pm to 4.00 pm. According to Dr. Zair Hussain, Controller of Examinations, the entrance test is being conducted at 20 exam centres across the country, including Hyderabad.

The test will be held in the School of Education and Training Building, MANUU campus. Candidates without masks shall not be permitted inside the exam hall.

Sakshi

## నేటి నుంచి 'మనూ'లో ప్రవేశ పరీక్షలు

రాయదుర్గం: మౌలానా ఆజాద్ జాతీయ ఉర్దూ విశ్వవిద్యాలయంలో అడ్మిషన్లు కల్పించేందుకు ప్రవేశ పరీక్షల నిర్వహణకు అన్ని ఏర్పాట్లు పూర్తి చేశారు. సోమవారం యూనివర్సిటీ పరీక్షల నియంత్రణాధికారి డాక్టర్ జైర్ హుస్సేన్ ప్రవేశ పరీక్షల నిర్వహణపై సమీక్షించారు. మంగళ, బుధ, గురు వారాల్లో దేశవ్యాప్తంగా ఏర్పాటు చేసే పరీక్షా కేంద్రాలలో ఈ పరీక్షలను నిర్వహిస్తారు. ఉదయం 10 నుంచి 12 గంటల వరకు మొదటి సెషన్, మధ్యాహ్నం 2 నుంచి 4 గంటల వరకు రెండవ సెషన్ ప్రవేశ పరీక్షలను ఏర్పాటు చేశారు. పీహెచ్‌డీ, ఎంబీఏ ప్రోగ్రామ్‌ల కోసం ప్రవేశ పరీక్షలు జరుగుతున్నాయి. ఎంసీఏ, ఎంటెక్ (కంప్యూటర్‌సైన్స్), ఎంఈడీ, బీఈడీ, పాలిటెక్నిక్ డిప్లొమో పరీక్షలను నిర్వహించడానికి ఏర్పాట్లు చేశారు.

سیاست

## ملک کے 20 مراکز پر آج سے اردو یونیورسٹی انٹرنس امتحانات

حیدرآباد 4۔ جولائی (سیاست نیوز) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے ریگولر کورس میں داخلوں کیلئے انٹرنس ٹسٹ کا کل 5 جولائی سے آغاز ہوگا۔ انٹرنس ٹسٹ 7 جولائی تک ہونگے۔ کنٹرولر امتحانات زائر حسین کے مطابق شیڈول کے تحت انٹرنس ٹسٹ ملک بھر میں 20 مراکز ہونگے۔ تمام پی ایچ ڈی پروگرامس، ایم بی اے، ایم سی اے، ایم ٹیک (کمپیوٹر سائنس)، ایم ایڈ، بی ایڈ، ڈی ایل ایڈ و پالی ٹکنک کیلئے انٹرنس امتحان ہوگا۔ ٹسٹ تینوں دن دو سیشن میں ہونگے۔ صبح 10 تا 12 بجے اور دوپہر 2 تا 4 بجے آف لائن ٹسٹ ہوگا۔ شہر کے علاوہ آسنسول، اورنگ آباد، بنگلور، بھوپال، بیدر، کٹک، دربھنگہ، دہلی، جموں، کڑپہ، کشن گنج، لکھنؤ، پٹنہ، رانچی، نوح، سنبھل، سیوان، سری نگر اور وارانسی میں مراکز قائم ہیں۔ تفصیلات ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔ انڈر گریجویٹ کورس میں داخلہ سنٹرل یونیورسٹیز مشترکہ انٹرنس ٹسٹ کے ذریعہ دیا جائے گا۔

سیاست

6 JUL 2022

# مانو جشن بہاراں: فاتح ٹیم اور کھلاڑیوں میں انعامات کی تقسیم



پروفیسر سید عین الحسن اور گرلز کبڈی ٹیم کی کپتان شبنم خاتون درمیان میں ٹرافی اور سرٹیفکیٹ کے ساتھ۔ (بائیں سے دائیں) محمد حارث، محمد ابوحمزہ، جناب محمد مرسلین، پروفیسر گھنٹا رمیش، ڈاکٹر وقار النساء، انعم جہاں، وقار احمد، ڈاکٹر محمد یوسف خان۔ (نچلی قطار) فاتح کرکٹ ٹیم کی کھلاڑی اپنے میڈلس کے ساتھ دیکھی جاسکتی ہیں۔

حیدرآباد۔ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں طلبہ یونین کے پروگرام ''جشنِ بہاراں'' کا آغا حشر کاشمیری آڈیٹوریم، نظامت فاصلاتی تعلیم میں جلسہ تقسیم انعامات منعقد ہوا۔ اس موقع پر پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر، پروفیسر علیم اشرف جائسی، ڈین بہبودیِ طلبہ، پروفیسر گھنٹہ رمیش، سابق پروفیسر شعبہ تعلیم و تربیت کے ہاتھوں طلبہ، کوآرڈینیٹرس اور طلبہ یونین عہدیداروں میں انعامات واسناد کی تقسیم عمل میں آئی۔ تقریب کے صدارتی خطاب میں پروفیسر عین الحسن نے طلبہ کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کہا کہ جشن بہاراں کے دوران ادبی، ثقافتی اور کھیل کود مقابلوں ومظاہروں میں طلبہ کی کارکردگی نہایت ہی شاندار رہی۔ اس کے لیے طلبہ کے ساتھ ساتھ ڈین بہبودیِ طلبہ پروفیسر علیم اشرف جائسی، ان کی ٹیم، طلبہ یونین اور دیگر تمام ذمہ داران قابل مبارکباد ہیں۔ انہوں طلبہ کو مشورہ دیا کہ وہ جشن بہاراں کے جوش وجذبہ کو برقرار رکھیں اور اسے فراموش نہ کریں۔

طلبہ یونین مشاورتی کمیٹی کے صدر نشین پروفیسر عبدالسمیع صدیقی اور کنوینر ڈاکٹر محمد یوسف خان، پروفیسر مشتاق احمد آئی پٹیل، پرووسٹ بوائز ہاسٹلس، ڈاکٹر وقار النساء، پرووسٹ گرلز ہاسٹلس، طلبہ یونین کے عہدیداران ابوحمزہ، محمد حارث، انعم جہاں اور وقار احمد بھی شہہ نشین پر موجود تھے۔ محترمہ عصمت فاطمہ، اسسٹنٹ ڈین بہبودیِ طلبہ نے کاروائی چلائی۔ محمد مرسلین، صدر طلبہ یونین نے کی شکریہ ادا کیا۔

اعتماد

# اردو یونیورسٹی میں جشن بہاراں کی تقریبِ تقسیم انعامات

حیدرآباد، 5/ جولائی (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں طلبہ یونین کے پروگرام ''جشنِ بہاراں'' کا کل شام آغا حشر کاشمیری آڈیٹوریم، نظامت فاصلاتی تعلیم میں جلسہ تقسیم انعامات منعقد ہوا۔ اس موقع پر پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر، پروفیسر علیم اشرف جائسی، ڈین بہبودیِ طلبہ، پروفیسر گھنٹہ رمیش، سابق پروفیسر شعبہ تعلیم و تربیت کے ہاتھوں طلبہ، کوآرڈینیٹرس اور طلبہ یونین عہدیداروں میں انعامات وسرٹیفکیٹ کی تقسیم عمل میں آئی۔ اس موقع پر صدارتی خطاب میں پروفیسر عین الحسن نے طلبہ کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کہا کہ جشن بہاراں کے دوران ادبی، ثقافتی اور کھیل کود مقابلوں ومظاہروں میں طلبہ کی کارکردگی نہایت ہی شاندار رہی۔ اس کے لیے طلبہ کے ساتھ ساتھ ڈین بہبودیِ طلبہ پروفیسر علیم اشرف جائسی، ان کی ٹیم، طلبہ یونین اور دیگر تمام ذمہ داران قابل مبارکباد ہیں۔ انہوں طلبہ کو مشورہ دیا کہ وہ جشن بہاراں کے جوش وجذبہ کو برقرار رکھیں اور اسے فراموش نہ کریں۔ طلبہ یونین مشاورتی کمیٹی کے صدر نشین پروفیسر عبدالسمیع صدیقی اور کنوینر ڈاکٹر محمد یوسف خان، پروفیسر مشتاق احمد آئی پٹیل، پرووسٹ بوائز ہاسٹلس، ڈاکٹر وقار النساء، پرووسٹ گرلز ہاسٹلس، طلبہ یونین کے عہدیداران ابوحمزہ، محمد حارث، انعم جہاں اور وقار احمد بھی شہہ نشین پر موجود تھے۔ محترمہ عصمت فاطمہ، اسسٹنٹ ڈین بہبودیِ طلبہ نے کاروائی چلائی۔ محمد مرسلین، صدر طلبہ یونین نے کی شکریہ ادا کیا۔ ابتداء میں جشن بہاراں کے دوران منعقد ہوئے مختلف کھیل کود اور ادبی، ثقافتی مقابلوں کی جھلکیوں اور تصاویر پر مبنی ویڈیو دکھایا گیا۔

DECCAN CHRONICLE — 6 JUL 2022

# Winners all



Kabaddi captain Shabnam Khatoon receives the winners trophy from Prof. Syed Ainul Hasan as cricket winners pose with medals and other officials at the prize distribution ceremony of the Maulana Azad National Urdu University's Jashn-e-Baharan festival.

DC

Sakshi

# 'జష్న్-ఏ-బహారన్' విజేతలకు బహుమతుల ప్రదానం



బహుమతులను అందిస్తున్న వీసీ ప్రొ.సయ్యద్ ఐనుల్ హసన్

రాయదుర్గం: విద్యార్థులు పోరాటస్ఫూర్తిని కలిగి ఉండాలని మౌలానా ఆజాద్ జాతీయ ఉర్దూ విశ్వ విద్యాలయం వైస్‌చాన్స్‌లర్ ప్రొఫెసర్ సయ్యద్ ఐను ల్‌హసన్ సూచించారు. గచ్చిబౌలిలోని ఉర్దూ యూనివర్శిటీ క్యాంపస్‌లో ఇటీవల విద్యార్థి సం ఘం ఆధ్వర్యంలో నిర్వహించిన జష్న్-ఏ-బహారన్ విజేతలకు బహుమతులు ప్రదానం చేశారు. కోఆర్డినేటర్లు, ఆఫీస్ బేరర్లకు వీసీ సయ్యద్ ఐనుల్ హసన్, డీన్ స్టూడెంట్స్ వెల్ఫేర్ ప్రొఫెసర్ సయ్యద్ అలీమ్ అష్రఫ్ జైసీ, విద్యా, శిక్షణా విభాగం మాజీ ప్రొఫెసర్ ఘంటా రమేష్ చేతుల మీదుగా బహుమతులు, ప్రశంసాపత్రాలను అందించారు.

S

راشٹریہ سہارا 6 JUL 2022

# اُردو یونیورسٹی کے ریگولر کورسس میں میرٹ کی اساس پر داخلے

## ایم اے لیگل اسٹڈیز متعارف، مطالعاتِ نسواں اور ایم سی جے میں ایم اے دستیاب

حیدرآباد۔ (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں تعلیمی سال 2022-23 کے لیے میرٹ کی اساس پر ریگولر کورسس میں آن لائن داخلے جاری ہیں۔ ان کورسز میں فارم داخل کرنے کی آخری 30/اگست ہے۔ پوسٹ گریجویشن میں ایم اے لیگل اسٹڈیز اور پشتو، فرانسیسی و روسی میں سرٹیفکیٹ کورسز کا آغاز کیا گیا ہے۔ ایم اے لیگل اسٹڈیز کورس سے طلبہ کے اندر قانونی مہارتیں فروغ پائیں گی۔ وہ معاہدات کا تجزیہ کرنے کے اہل ہوسکیں گے، ثالثی، مصالحت اور تنازعات حل کرنے کے دوسرے متبادل طریقوں کے بارے میں سیکھ سکیں گے۔ طلبہ مسابقتی امتحانات میں شرکت اور اپنی فنی مہارتوں میں اضافہ کے قابل بن سکیں گے۔ لیگل اسٹڈیز میں داخلے کے لیے کسی مسلمہ ادارے/یونیورسٹی سے بیچلر ڈگری یا مماثل سند کے علاوہ دسویں/بارھویں یا گریجویشن سطح پر اردو بحیثیت زبان/مضمون یا میڈیم یا اردو میڈیم کے ساتھ مماثل کسی ایسے مدرسہ کورس کیا ہو جسے مانو نے تسلیم کیا ہو، کامیاب ہونا ضروری ہے۔ ایم اے ویمن اسٹڈیز اپنی نوعیت کا ایک منفرد کورس ہے۔ اسے کامیاب



کرنے کے بعد طلبہ مختلف میدانوں کے علاوہ غیر سرکاری تنظیموں میں نوکری حاصل کرسکتے ہیں۔ اس کے علاوہ نیٹ کامیاب کرنے والے طلبہ کو یونیورسٹیوں میں درس وتدریس کا موقع بھی رہے گا۔ فرانسیسی اور روسی میں مہارت کے کورسز کے لیے 10+2 یا کسی مسلمہ ادارے سے مماثل کورس کامیاب امیدوار اہل ہیں جبکہ پشتو میں مہارت کے کورس کے لیے 10 ویں، بارھویں یا گریجویشن میں اردو بطور مضمون یا بحیثیت ذریعہ تعلیم پڑھی ہو یا مانو سے تسلیم شدہ مدرسہ سے اردو ذریعہ تعلیم سے مماثل مدرسہ کورس کیا ہو کے علاوہ مسلمہ ادارے سے عالم/فاضل کامیاب ہو اہل ہیں۔ میرٹ کی اساس پر داخلے کے کورسز میں پوسٹ گریجویشن پروگرامس اُردو، انگریزی، ہندی، عربی، مطالعات ترجمہ، فارسی؛ مطالعات نسواں، نظم ونسق عامہ، سیاسیات، سوشل ورک، اسلامک اسٹڈیز، تاریخ، معاشیات، سماجیات، لیگل اسٹڈیز؛ صحافت وترسیل عامہ؛ ایم کام اور ایم ایس سی (ریاضی) شامل ہیں۔ جزوقتی ڈپلوما پروگرامس میں اردو، ہندی، عربی، فارسی اور اسلامک اسٹڈیز، تحسین غزل اور سرٹیفکیٹ کورسز میں اردو، پشتو، فرانسیسی، روسی میں داخلے دستیاب ہیں۔ مختلف کیمپوس میں دستیاب کورسز وغیرہ کی مکمل جانکاری یونیورسٹی ویب سائٹ manuu.edu.in پر دستیاب نوٹفکیشن اور ای۔ پراسپکٹس سے حاصل کی جاسکتی ہے۔ تفصیلات یا کسی وضاحت کے لیے نظامت داخلہ کو admissionsregular@manuu.edu.in پر ای میل کریں۔ داخلہ ہیلپ ڈیسک رابطہ برائے عمومی رہنمائی کے لیے موبائل نمبرات 6207728673, 9866802414, 6302738370 & 9849847434 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

RS